SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release

For immediate Release

December 6, 2016

# ایس ای سی پی نے لسٹڈ کمپنیوں (کثیر تعداد میں ووٹنگ شیئرز کا حصول) کے ضوابط، ۲۰۱۶ کا مسودہ عوامی آراء کے لئے جاری کردیا

اسلام آباد، ٦ دسمبر: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے سکیورٹیز ایکٹ، ۲۰۱۵ کے تحت حصص داران کے بہترین مفاد کو مد نظر رکھتے ہوئے لسٹڈ کمپنیز **(کثیر تعداد میں ووٹنگ شیئرز کا حصول)** کے ضوابط، **۲۰۱٦** کا مسودہ تیار کیا ہے۔

یہ ضوابط لسٹڈ کمپنیز **(کثیر تعداد میں ووٹنگ شیئرز کا حصول)** کے ضوابط، **۲۰۰۸** کی جگہ لیں گے

ٹیک اوور ضوابط کا مسودہ عوامی آراء کے لئے سرکاری گزٹ میں شائع کر دیا گیا ہے اور ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر بھی موجود ہے۔ سٹیک ہولڈرز اپنی آراء و تجاویز ۲۳ دسمبر، ۲۰۱٦ تک جمع کرا سکتے ہیں۔

ضوابط کے مسودے کے مطابق، ایس ای سی پی کے باقاعدہ لائسنس یافتہ مشیر بطور مینجر تقرّر کیے جا سکتے ہیں اور ٹارگٹ کمپنیوں کے حصص داران کو ادائیگیاں صرف نقدی کی صوت میں کی جا سکے گی۔ یہ حاصل کنندہ اور ٹارگٹ کمپنی دونوں کی سکیورٹیز ایکٹ، ۲۰۱۵، ٹیک اوور ضوابط اور پاکستان سٹاک ایکسچینج کے ضوابط کے مطلوبات کی تعمیل کا پابند ہے۔ علاوہ ازیں ایسے شئیرز خریدنے والوں کو نیک نیتی دکھانی پڑے گی تا کہ متعلقہ کمپنی کے مفاد کو کوئی نقصان نہ پہنچے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254